لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ ماہ جمادی الاول ۱۳۳۵ھ مطابق ۵ ماہ مارچ ۱۹۱۷ع	جلد ۲۹

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۸ فروری سنہ ۱۹۱۷ع

تجویز صاحب ہوم سکریٹری بہادر مناسب ہے - کاغذ ہوم سکریٹری بہادر کو ...

اعلحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض ... میر سامان

جناب عالی

اس امر پر غور کرنیکے واسطے کہ منظور رقم بہ اندازہ تحت تعمیرات میونسپلٹی سنہ ۱۹۱۵-۱۶ع ... تحت

سنہ ۱۹۱۶-۱۷ع ... تعدادی ... مین سے کسقدر رقم بابت ... سڑکون و نالیان وغیرہ مین

صرف کیجائی ۱۴ جنوری سنہ حال کو کمیٹی منعقد ہوئے تھے بالاتفاق یہ رائے ہوئی کہ مبلغ ... میں سے مبلغ ... تنخواہ وغیرہ میں صرف ہو چکے ہیں۔ ... باقی ہیں سڑکوں کی حالت نہایت خراب ہو رہی ہے اور کئی سال سے مرمت نہیں ہوئی مبلغ ... سے سڑکوں کی مرمت ہونا چاہیے اور ... سے تیاری مرمت نالیان و بمبا و پلیان کرادیجائے جسکی مجموعی تعداد ... ہوئی ... باقی بچے ہائی اسکول کچھ آراضی افتادہ ہے اور کچھ مکانات خام شکستہ حالت میں ہیں جس سے بدنمائی معلوم ہوتی ہے مکانات و آراضیات خرید ہوکر دکانات پختہ تعمیر ہو جائیں تو نہایت خوشنمائی شہر و مفاد میونسپلٹی متصور ہے اس کام کے لئے مبلغ ... کافی ہیں ... باقی رہے جسمیں سے مبلغ ... من ابتدائی جنوری ۱۹۱۶ء لغایت ستمبر ۱۹۱۶ء تنخواہ ملازمان تعمیرات میں صرف ہونگے اور تخمیناً ... کی کام متعلقہ ہائی اسکول و پلیٹ فارم چوک نصراللہ خان و حسن گنج وغیرہ تعمیر ہوئے ہیں اور تقریباً چار کے بل دوران میں ہیں یہ رقمیں محسوب کر لینے کے بعد مبلغ ... باقی رہتے ہیں جنکے متعلق آئندہ کمیٹی میں تجویز ہوگی۔ لہذا عرضداشت بہذا اجلاس ہمایون میں پیش کیجاتی ہے اور گذارش ہے کہ نسبت معروضہ بالا جیسا ارشاد عالی ہو تعمیل کیجائے۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۸ فروری ۱۹۱۷ء

تجویز ... متفرق مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض ... جناب عالی

... میں جو نذرانہ بندوبست لیا جاتا ہے۔ اسکی مقدار ایک روپیہ فیصدی ہے لیکن صدی کے اجراء پر وصول نذرانہ کا تعین نہیں تھا اب شرح ذیل سے کمیٹی اور جملہ سکریٹری صاحبان نے اتفاق کیا ہے۔ لہذا بغرض صدور حکم منظوری شرح نامہ مع کاغذات ابلاغ حضور ہیں۔

جمع سالتمام	رقم نذرانہ
پانچ روپیہ تک	۱ر
پانچ سے زائد پچیس روپیہ تک	۲ر
پچیس سے زائد پچاس تک	۸ر
پچاس سے زائد پچہتر تک	۱۲ر
پچہتر سے زائد سو تک	عہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۹ فروری ۱۹۱۷ء

روبکار مشمولہ میں داخل خارج کیلئے جو کاغذ اسٹامپ و فیس داخل خارج کی صراحت کیگئی ہے اوسکی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری

نقل روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۷ فروری ۱۹۱۷ء

صیغہ مال میں جو لکڑی درختان مال سرکار نیلام کیجاتی ہے اوسمیں اکثر ایسا دیکھا جاتا ہے کہ مشتریان نیلام بعد لینے نیلام کے اپنے طور پر دیگر اشخاص کو منتقل کر دیتے ہیں یا شریک بنا لیتے ہیں یا کسی شریک کو خارج کر دیتے ہیں اور اسکے بعد جو ضرورتاً معاملات پیش ہوتے ہیں تو اسمیں الجھن پیدا ہوتی ہے کیونکہ سرکاری کاغذات میں جو جو خریدار قائم ہو چکا ہو وہ بدل جاتا ہے۔ اور تصفیہ معاملات کو وقت دقت پیش آتی ہے اجلاس ہذا سے اسکے متعلق تعین طریقہ داخل خارج باضابطہ کی نسبت روبکار جاری ہوکر کمیٹی سے رائے طلب کیگئی تھی چنانچہ کمیٹی نے داخل خارج و تبادل نام کی دو صورتیں قرار دیکر جدا جدا تجویز کی ہے۔ ہماری رائے میں تبادل نام اور داخل خارج

بالکل تخصیص کے دونون ایک چیز ہین یعنی جلسہ نیلام مین جن خریداران کے نام نیلام ختم کردیا جائے۔ اسکے بعد اون نامون مین جو تغیر تبدل کرایا جائے وہ سب کارروائی داخل خارج کی تعریف مین ہے۔ لہذا کسی تفریق و تخصیص کی ضرورت نہین ہے۔ تعداد اسٹامپ فیس کا تعین جو باعتبار مالیت لکڑی ذکر کیا ہوا ہے بمنظوری ترمیم کے بعد حسب ذیل منظور ہو جائیگی

تعداد قیمت لکڑی	اسٹامپ درخواست داخل خارج	فیس داخل خارج
(۱) دس ؏ روپیہ تک قیمت کی لکڑی پر	۱ر	۲ر
(۲) دس ؏ روپیہ سے زائد پچیس ؏ روپیہ تک قیمت کی لکڑی پر	۲ر	۳ر
(۳) پچیس روپیہ سے زائد پچاس روپیہ تک قیمت کی لکڑی پر	۳ر	عہ
(۴) پچاس روپیہ سے زائد سو روپیہ تک کی قیمت پر	۴ر	ما
(۵) سو روپیہ سے زائد پانسو روپیہ تک قیمت کی لکڑی پر	۴ر	ما سیکڑہ [illegible] پورا سیکڑہ مانا جائے۔
(۶) پانسو روپیہ سے زائد جس مقدار کی قیمت ہو	۴ر	

منظوری داخل خارج کی اسسٹنٹ صاحب بہادر اپنے اجلاس سے کردیا کرین اور داخل خارج اُسوقت منظور کیا جائے جب قیمت کل داخل کرالیجائے بلا وصول قیمت داخل خارج نکیا جائے بعد گذرنے درخواست داخل خارج کے بحالت ضرورت داخل قیمت کیلئے ہفتہ عشرہ کی مہلت اسسٹنٹ صاحب دیسکتے ہین۔ لیکن داخل خارج بعد وصول ہو جانے قیمت کے منظور کیا جائے۔ حکم ہوا کہ۔ بعد اجرائے احکام ایک نقل اسکی بغرض اطلاع عام گزٹ مین بھی شائع کیجائے۔ لیکن اول اسکی اطلاع اور منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور معلی دام اقبالہم وملکہم ہونا ضروری ہے۔ لہذا اول کاغذات ہذا بغرض صدور حکم باجلاس ہمایون پیش ہون۔ بعد منظوری اجلاس اعلے کے احکام جاری ہو جائینگے۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۹ فروری ۱۹۱۶ء

حسب سفارش صاحب ہوم سکریٹری بہادر رخصت ۳ ماہ ڈاکٹر کیشو لال اسسٹنٹ سرجن بکارکردگی جگناتھ اور کرنے کام ڈاکٹر ناتو ہیلتھ افیسر بجائے ڈاکٹر جگناتھ منظور فرمائی گئی

پنشن و تبادل

۲۰ فروری ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر حیدر علیخان منصرم گاؤ میش خانہ کی پانچ روپیہ ماہوار پنشن مقرر فرمائی گئی اور تبدیل سید فدا حسین منصرم مودی خانہ بمشاہرہ موجودہ تیس ؏ روپیہ ماہوار بعہدہ منصرم گاؤ میش خانہ و تبدیل فیروز شاہ خان عرف عکس بعہدہ نائب منصرم گاؤ میش خانہ بمشاہرہ پندرہ ؏ روپیہ ماہوار منظور فرمائے گئے۔

رخصت

۲۰ فروری ۱۹۱۶ء

مولوی سید مقبول احمد صاحب ممبر بورڈ آف آڈٹ کی رخصت من ابتدائے ۱ مارچ ۱۹۱۶ء لغایت ۲۰ مارچ ۱۹۱۶ء منظور فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ فروری ۱۹۱۶ء

حسب تحریر انچارج اسسٹنٹ سرجن صاحب رخصت ڈیڑہ ماہ جمنا داس ڈیٹو ڈاکٹر من ابتدائے ۳ مارچ لغایت ۲۰ اپریل سنہ حال بذمہ داری کمپونڈر شفاخانہ شاہ آباد منظور کیگئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ فروری سنہ ۱۹۱۸ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب ملک رخصت مزید دو ہفتہ جگن لال محرر مال تحصیل ملک کی بوجہ علالت با انتظام سابقہ منظور ہوگئی۔

تنزل

۲۸ فروری سنہ ۱۹۱۸ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بقصور بے عنوانی بکار منصبی وخفیف الحرکاتی مسمی صدیق احمد ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار دس روپیہ ماہوار کا دو روپیہ ماہوار برائے ایک سال تنزل کیا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

موقوفی مختار

۲۶ فروری سنہ ۱۹۱۸ء

بذریعہ رجسٹرار صدر تصدیق درخواست مسماۃ لاڈو بیگم بیوہ حافظ عبدالرحیم ساکن محلہ کوچہ لالارمیان کی ہو گئی ہے مقرہ نے محی الدین کو جو اسکا مختار عام تھا علحدہ کر دیا ہے۔ لہذا اطلاع عام کیلئے درج گزٹ ہو۔

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۷ فروری لغایت ۵ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ سار		۰ سار	۷ سار	۷۰ سار	۷۰ سار	
نخود خالص	۹۰ سار			۱۰ سار	۱۰ سار	۰	
نخود کسہ آمیز	۱۰ سار			۱۰۰ سار	۱۱ سار	۱۰ سار	
کنسہ	۱۱ سار			۱۰ سار	۱۱۰ سار	۱۰۰ سار	
ماش	۷ سار			۸ سار	۷۰ سار	۸ سار	
مونگ	۸۰ سار			۰	۷ سار	۹ سار	
مکا	۱۲۰ سار			۱۳۰ سار	۱۳ سار	۱۳ سار	
جئی	۱۲ سار			۱۲ سار	۱۲ سار	۱۳۰ سار	
گوجئی	۰			۱۰ سار	۱۱ سار	۱۲ سار	
عدس	۰			۰	۵ سار	۰	
ارہر	۱۰ سار			۰	۹ سار	۰	
برنج	۹ سار			۸۰ سار	۸ سار	۸ سار	
روغن زرد	۰ سار			۰ سار	۰ سار	۰ سار	
روغن سیاہ	۲۰ سار			۲ سار	۲ سار	۲۰ سار	
روغن کنجد	۲ سار			۱۰ سار	۱۰ سار	۲ سار	
نمک سانبھر	۱۰ سار			۱۱ سار	۱۱ سار	۱۲ سار	
نمک لاہوری	۶ سار			۸ سار	۹ سار	۸ سار	
قند سیاہ	۵۰ سار			۵۰ سار	۶ سار	۶ سار	
باجرہ	۱۰۰ سار			۱۲ سار	۱۰ سار	۰	

مطبوعہ ۵ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء جلد ۲۹

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری جنوری سنہ ۱۹۱۷ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																	از خانہ نمبر ۱۹ الغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۰ سال تک		۱۰ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض								
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	[illegible]	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۰	۸	۱۲	۰	۵۱	۳۶	۱۵	۳	۲	۳	۱	۱۳	۱۷	۱۹	۲۰	۲۶	۱۳	۰	۱	۰	۳۸	۰	۰	۰	۳۹	
گنج	۱۵	۲	۶	۱	۲۴	۲۱	۳	۳	۲	۵	۲	۱۲	۸	۲۰	۱۲	۲۷	۵	۰	۱	۰	۳۱	۰	۰	۰	۳۲	
حوالی شہر	۱۱	۲۲	۵	۹	۴۷	۱۶	۳۱	۲	۴	۱	۰	۲۱	۱۳	۲۴	۱۷	۱۳	۲۸	۰	۰	۰	۴۱	۰	۰	۰	۴۱	
عظیم نگر	۳۳	۱۸	۲۱	۱۶	۹۸	۶۴	۳۴	۱۲	۵	۴	۲	۲۵	۲۵	۴۱	۳۲	۴۱	۳۲	۰	۰	۰	۷۳	۰	۰	۰	۷۳	
شاہ آباد	۲۲	۴۰	۱۶	۴۲	۱۲۰	۳۸	۸۲	۱۱	۴	۱	۱	۳۴	۱۰	۴۶	۱۵	۱۲	۴۹	۰	۰	۰	۶۱	۰	۰	۰	۶۱	
بیڑوائی	۸	۵۴	۱۳	۴۳	۱۱۸	۲۱	۹۷	۳	۶	۰	۲	۳۲	۲۴	۴۵	۳۳	۸	۷۰	۰	۰	۴۰	۳۸	۰	۰	۰	۷۸	
ملک	۱۷	۷۸	۵	۵۴	۱۵۴	۲۲	۱۳۲	۱۴	۱۱	۳	۲	۵۹	۴۶	۷۶	۶۳	۲۴	۱۱۵	۰	۰	۰	۱۳۹	۰	۰	۰	۱۳۹	
بلاسپور	۴۸	۲۹	۳۴	۲۲	۱۳۳	۸۲	۵۱	۱۰	۱۱	۹	۵	۶۹	۵۶	۸۸	۷۲	۹۲	۶۸	۰	۰	۰	۱۶۰	۰	۰	۰	۱۶۰	
کیمری	۱۸	۵۴	۱۷	۳۱	۱۲۰	۳۵	۸۵	۴	۱۰	۴	۱	۵۶	۳۸	۶۴	۴۹	۳۶	۷۷	۰	۰	۰	۱۱۲	۱	۰	۰	۱۱۳	
سوار	۴۳	۲۴	۳۲	۲۷	۱۲۶	۷۵	۵۱	۲۲	۱۴	۳	۳	۶۱	۳۷	۸۶	۵۴	۸۰	۶۰	۰	۰	۰	۱۴۰	۰	۰	۰	۱۴۰	
ٹانڈہ	۱۹	۱۳	۱۴	۱۱	۵۷	۳۳	۲۴	۸	۱۰	۵	۱	۳۷	۲۳	۵۰	۳۴	۵۷	۲۷	۰	۰	۰	۸۴	۰	۰	۰	۸۴	
میزان	۲۶۴	۳۴۲	۱۷۹	۲۹۳	۱۰۴۸	۴۴۳	۶۵۰	۹۲	۸۰	۳۸	۲۴	۴۲۹	۲۹۷	۵۵۹	۴۰۱	۴۱۶	۵۴۴	۰	۲	۴۰	۹۱۷	۱	۰	۰	۹۶۰	